| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: سُورج

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- بنیادی سَمتوں کے نام بیان کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ سورج مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں غُروب ہوتا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو کائنات کے تصوّر سے آگاہ کریں انھیں بتائیں کہ یہ کائنات اَن گنت اجسام ستاروں، سیاروں، کہکشاؤں، اس زمین اور اس میں موجود ہر شے سے مل کر بنی ہے۔ اِسی طرح سورج کائنات میں موجود بے شمار اجسام میں سے ایک ہے اور جلتی ہوئی گیسوں کا بہت بڑا گولہ ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 3 تا 5 کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں سورج کو نظامِ شمسی میں بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ نظامِ شمسی سے مراد سورج اور اس کے گرد اپنے اپنے مدار میں حرکت کرنے والے سیاروں کا نظام ہے۔ نظامِ شمسی میں موجود تمام سیارے اور چاند سورج کی روشنی منعکس کرتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر سورج کے گرد گھومنے والے سیاروں کے نام لکھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عطارد | زھرہ | زمین | مریخ | مشتری | زحل | یورینس | نیپچون |

- صفحہ نمبر 4 پر موجود نظامِ شمسی کی تصویر سے طلبہ کو وضاحت کریں کہ سورج سے فاصلے کے لحاظ سے آٹھ سیاروں کی ترتیب یہ ہے۔ انھیں بتائیں ہماری زمین سورج سے 150 ملین کلو میٹر دُور ہے۔ اور سورج کے گرد اپنے مدار میں گھوم رہی ہے اور ایک چکر تقریباً 365 دِنوں میں پورا کرتی ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں سورج کس سمت سے طلوع اور کس سمت میں غروب ہوتا ہے؟ انھیں بتائیں کہ سورج کا مشرق سے طلوع ہونا اور مغرب میں غروب ہونا، دراصل زمین کے اپنے محور کے گرد گردش ہے جس کو زمین 24 گھنٹوں میں پورا کرتی ہے۔ یہی محوری گردش، دن اور رات کا سبب بنتی ہے، یعنی زمین کے جس حصّے پر سورج کی روشنی پڑتی ہے اس حصّے میں دن اور باقی حصّے میں رات ہوتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| محور | مح۔ور | وہ خط جس کے گرد گردش کی جاتی ہے۔ |
| گردش | گر۔دِش | چکّر |
| مقرّرہ | مُ۔قر۔رَ۔رَہ | قرار دیا گیا |
| اجرامِ فلکی | اَج۔رامِ۔ فَل۔کی | سورج، چاند، ستارے، سیارے وغیرہ |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں جیسے:

الف: کائنات سے کیا مراد ہے؟

ب: محوری گردش کسے کہتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5 منٹ**

چارٹ پیپر پر نظامِ شمسی کا ماڈل بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: سُورج |
| --- | --- | --- |

**سوال نمبر1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ سورج ایک ______________ ہے۔


۲۔ سورج کو ______________ میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

۳۔ زمین سمیت نظامِ شمسی میں ______________ سیارے ہیں۔

۴۔ زمین اپنے محور کے گرد ایک چکّر قریباً ______________ دِنوں میں پورا کرتی ہے۔

۵۔ زمین کا اپنے محور کے گرد گردش کرنا، ______________ کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر2: نظامِ شمسی میں موجود سیاروں کے نام لکھیں۔**



| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 1 دوسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: سُورج

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- بنیادی سَمتوں کے نام بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو سمت کے بارے میں بتائیں کہ کسی بھی جگہ یا چیز کا محلِ وقوع معلوم کرنے کے لیے سمت اہم کردار ادا کرتی ہے انھیں بتائیں آج ہم بنیادی سمتوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 5 سے ''بنیادی سمتیں'' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔ انھیں بتائیں سمت سے مراد نمایاں رستہ یا رُخ ہے یعنی کسی مقام کا رستہ جاننا ہو تو سمت کا تعیّن ضروری ہوتا ہے۔
- تختہ تحریر پر بنیادی سمتوں کے نام لکھیں اور طلبہ سے نام پڑھوائیں: مشرق، مغرب، شمال، جنوب۔

صفحے پر موجود قُطب نما کی تصویر کے بارے میں طلبہ سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی قطب نُما کا استعمال کیا ہے؟ طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- انھیں بتائیں قطب نُما ہمیں جگہ کی سمت کے بارے میں بتانے میں مدد کرتا ہے یعنی اس کی مدد سے ہم اپنے اطراف کی جگہوں کی سمت معلوم کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں سورج کی مدد سے بھی سمتوں کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ اگر آپ صبح کے وقت سورج کی جانب منہ کر کے کھڑے ہو جائیں تو آپ کے سامنے مشرق، پیچھے مغرب، دائیں جانب جنوب اور بائیں جانب شمال ہو گا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مقام | مَ۔ قام | منزل |
| تعیّن | تَ۔ عَی۔ یُن | مقرّر۔ مخصوص |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

الف: سمتیں معلوم کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے آلے کا نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

قُطب نُما کے ذریعے اپنی اطراف کی سمتیں معلوم کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:_____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: سُورج |
|---|---|---|

**سوال نمبر 1: تصویر میں دی گئی خالی جگہوں میں سمتوں کے نام لکھیں اور درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**



الف: جب ہمارا رُخ سورج کی طرف ہو تو ہمارے سامنے _______________ ہو گا۔

ب: ہمارے پیچھے _______________ ہو گا جہاں سورج غُروب ہوتا ہے۔

ج: ہمارے بائیں جانب _______________ ہو گا۔

د: ہمارے دائیں جانب _______________ ہو گا۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 1 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: سُورج

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سائے کی بناوٹ کو بیان کر سکیں۔
- جان سکیں کہ سائے کا رُخ اور جسامت، وقت کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ جب روشنی کے راستے میں کوئی غیر شفاف جسم رکھ دیا جائے، جس میں سے روشنی نہیں گزر سکتی تو سایہ بنتا ہے۔ یعنی سائے کے بننے کے لیے روشنی کا ہونا ضروری ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 5 پر ''سایہ کی بناوٹ'' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں روشنی کی شعاعیں سیدھی لائن میں سفر کرتی ہیں جب ان شعاعوں کے راستے میں کوئی غیر شفاف جسم آجائے تو روشنی اس میں سے نہیں گزر سکتی اور دوسری جانب اس جسم کا سایہ بن جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں روشنی کے ساتھ ساتھ چند اور عوامل بھی ہیں جو سائے کی جسامت اور اُس کے رُخ کا تعین کرتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر ان عوامل کے نام لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | ماخذ اور جسم کا درمیانی فاصلہ | (ii) | روشنی کے ماخذ کی سمت | (iii) | جسم پر روشنی پڑنے کا زاویہ |

- طلبہ کو بتائیں اگر جسم روشنی کے ماخذ کے قریب ہوگا تو سایہ بڑا بنے گا اور اگر دور ہوگا تو سایہ چھوٹا بنے گا۔
- انھیں بتائیں کہ پہلے وقتوں میں جب گھڑیاں نہیں ہوتی تھیں تو لوگ سایوں کی جسامت سے وقت کا اندازہ کر لیا کرتے تھے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عموداً | عَ۔مو۔دَن | سیدھا |
| ماخذ | ما۔خَذ | منبع |
| رکاوٹ | رُ۔کا۔وَٹ | مزاحمت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سوال نمبر ا کے سوالات طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ایک اندھیرے کمرے میں ٹارچ جلائیں۔ اپنا ہاتھ اُس ٹارچ کی روشنی کے سامنے لائیں اور دیوار پر بننے والے سائے کا مشاہدہ کریں۔ اپنے مشاہدے کی روشنی میں اِن سوالات کے جوابات دیں۔

الف: ہاتھ کو ٹارچ کی روشنی کے قریب لانے سے سائے میں کیا تبدیلی رُونما ہوتی ہے؟

ب: ہاتھ کو روشنی سے دُور لے جانے سے سائے میں کیا تبدیلی آتی ہے؟

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: سُورج** |

**سوال نمبر1:** سایہ کس طرح اور کس طرف بنتا ہے؟

______________________________

______________________________

**سوال نمبر2:** صبح، دوپہر اور شام کے اوقات میں سایوں کی نوعیّت کیسی ہوتی ہے؟

______________________________

______________________________